© rasailojaraid.com





# خبر نامہ

ادارہ

## سالانہ ۲ کروڑ قرآن کی طباعت

قرآن مجید کی طباعت کرنے والا ادارہ مجمع الملک فہد (مدینہ منورہ) تقریباً تیس برس قبل قایم کیا گیا تھا۔اس وقت اس ادارہ کو قرآن کی طباعت و اشاعت کے لیے دنیا کے سب سے بڑے مرکز ہونے کا اعزا حاصل ہے۔ادارہ کے رابطہ منیجر شیخ صالح حسین کے بیان کے مطابق اب تک دنیا کی ۶۳ زبانوں میں قرآن مجید کا ترجمہ کیا گیا ہے۔طباعت سے قبل آیتوں، سورتوں، نقطوں اور رموز واوقاف کی کتابت وخطاطی کو پانچ مرحلوں سے گزارا جاتا ہے۔ادارہ میں کل ۱۸۰۰ املازمین ہیں۔طباعت کے شعبہ میں ۸۰۰ اور کتابت کے لیے ایک ہزار افراد مامور ہیں۔سالانہ دو کڑوڑ نسخوں کی طباعت ہوتی ہے۔ (معارف، جون ۲۰۱۵ء)

## فن لینڈ میں سرکاری ریڈیو پر تفہیم اسلام بذریعہ قرآن

فن لینڈ کے سرکاری ریڈیو نے اپنی نشریات میں قرآن کی باترجمہ تلاوت کا ایک ایسا سلسلہ وار پروگرام شروع کیا ہے جس کا مقصد اسکینڈے نیویا کے اس ملک میں مسلم ثقافت کے بارے میں عوامی علم میں اضافہ ہے۔فن لینڈ کے دارالحکومت سے نیوز ایجنسی ایسوسی ایٹڈ پریس کی رپورٹ کے مطابق ملک کے سرکاری ریڈیو چینل YLE نے اپنی نشریات میں پورے قرآن کی تلاوت اور اس کے ترجمہ کو نشر کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا ہے وہ اس ملک میں عام لوگوں کو اسلامی ثقافت کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دے گا۔اس ریڈیو کی نشریات میں اسلام سے متعلق ایسا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہر پروگرام آدھے گھنٹے دورانیہ کا ہوگا اور مجموعی طور پر یہ سلسلہ ساٹھ قسطوں میں مکمل ہوگا۔اس پروگرام میں فن لینڈ کی زبان میں قرآن کے ترجمے کے ساتھ ساتھ کئی مقامات پر تبصرے بھی شایع کیے گئے ہیں۔ یہ وضاحتی تبصرے فنیش زبان میں قرآن کے مترجم اور فن لینڈ کی اسلامک سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے امام انس ہجار نے کیے ہیں۔اسلامک سوسائٹی آف فن لینڈ کے سربراہ محمد حسین عمر نے سرکاری ریڈیو پر شروع کیے گئے قرآنی تعلیمات کے اس پوگرام کے بارے میں بتایا کہ ''یہ ایک بہت چھا طریقہ ہے تاکہ عام لوگوں کو اسلام اور اسلامی روایات کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔اسکینڈے نیویا کے ملک فن لینڈ میں مجموعی آبادی تقریباً ڈیڑھ کروڑ ہے، جس میں مسلمانوں کی تعداد ۵۰ اور ۶۰ ہزار کے درمیان ہے۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۱۳/مارچ ۲۰۱۵ء)

## کردزبان میں قرآن کریم کے پہلے سرکاری ترجمہ کی اشاعت

ترکی میں مذہبی امور کے ملکی دفتر کی طرف سے پہلی مرتبہ کرد نسلی اقلیت کی زبان میں قرآن مجید کے ایسے سرکاری طور پر منظور شدہ ترجمہ کی اشاعت کا اہتمام کیا گیا ہے، جو اپریل کے آخر تک چھپ کر تیار ہو جائے گا۔ترک روزنامے ''صباح'' کی آن لائن اشاعت کے مطابق اس سے پہلے کردزبان میں قرآن مجید کے چند ترجمے شایع تو ہوئے تھے،لیکن وہ مسلمانوں کی مختلف تنظیموں کی انفرادی کوششوں کا نتیجہ تھے، جن میں ترجمہ کی حد تک چند مسائل پائے جاتے تھے۔اب ترکی میں مذہبی امور کے ریاستی دفتر نے کردزبان میں قرآن کے ترجمہ کا اہتمام کیا ہے اور اس کے مسودہ کا پہلے اسی اقلیت سے تعلق رکھنے والے کئی لسانی ماہرین اور متعدد مسلم علماء نے تفصیلی جائزہ لیا اور چند ہفتوں بعد کتابی شکل میں یہ ترجمہ پورے ترکی میں دستیاب ہو سکے گا۔ قرآن مجید کا یہ ترجمہ خاص طور پر جنوب مشرقی اناطولیہ میں رہنے والی کرد اقلیتی آبادی کے علاوہ حج یا عمرہ پر جانے والے کرد شہریوں میں بھی تقسیم کیا جائے گا۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۱۰/اپریل ۲۰۱۵ء)

© rasailojaraid.com